حیوانات کے امراض کیلئے
کیوریٹو ہومیوپیتھک ادویات
مؤثر
بے ضرر
کم قیمت
کیوریٹو ویٹرنری (پرائیویٹ) لمیٹڈ
CURATIVE
Tel. Sales: 047-6214576, Head Off: 047-6005255

فہرست ادویات

(A) دودھل جانوروں کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
4	اکسیر پستان	پیکٹ	8 گرام	15.00
4	اکسیر خرابی دودھ (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
4	اکسیر دودھ گرینولز	پیکٹ	100 گرام	100.00
4	اکسیر سوزش پستان (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
5	اکسیر کریک پستان	پیکٹ	8 گرام	15.00
5	کیور پیو آئل	ڈراپر	30ML	30.00
5	اکسیر گلٹی پستان کیپسولز	کیپسولز	40 کیپسولز	
5	اکسیر ملک فیڈ	پیکٹ	8 گرام	15.00

(B) امراض افزائش نسل کیلئے

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
6	اکسیر برسوت	پیکٹ	8 گرام	15.00
6	اکسیر تسہیل ولادت	پیکٹ	8 گرام	15.00
7	اکسیر حیض گرینولز	پیکٹ	50 گرام	15.00
7	اکسیر حمل (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
7	اکسیر رحم (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
8	اکسیر نفاس	پیکٹ	8 گرام	15.00

(C) نظام ہضم کے امراض کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
8	اکسیر اپھارہ	پیکٹ	8 گرام	15.00
8	اکسیر بدہضمی (قولنج)	پیکٹ	8 گرام	15.00
8	اکسیر خونی پیچش	پیکٹ	8 گرام	15.00
9	اکسیر روغ دہادی	پیکٹ	8 گرام	15.00
9	اکسیر گندگی چھوڑ	پیکٹ	8 گرام	15.00
9	اکسیر مٹی چھوڑ (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
9	اکسیر واہ کیپسولز	کیپسولز	12 کیپسولز	75.00
10	واہ روک	پیکٹ	10 گرام	20.00
10	اکسیر ہضم گرینولز	پیکٹ	100 گرام	100.00

(D) مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
10	اکسیر اعظم	پیکٹ	8 گرام	15.00
10	اکسیر سرکن کیپسولز	کیپسولز	30 کیپسولز	120.00
11	اکسیر گل گھوٹو	پیکٹ	8 گرام	15.00
11	گل گھوٹو روک	پیکٹ	10 گرام	20.00
11	اکسیر منہ کھر	پیکٹ	8 گرام	15.00
11	منہ کھر روک	پیکٹ	10 گرام	20.00

(E) جلدی امراض کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
12	اکسیر جلد (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
12	اکسیر چیچڑی (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
4	اینٹی سیپٹک اینٹمنٹ	ڈبی	20 گرام	30.00
12	اکسیر گنگرین (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00

(F) متفرق امراض کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
13	کیورٹیو (اکسیر بخار)	پیکٹ	8 گرام	15.00
13	اکسیر ٹک کیپسولز	کیپسولز	12 کیپسولز	75.00
14	اکسیر چشم	پیکٹ	8 گرام	10.00
14	اکسیر چوٹ (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
14	اکسیر درد کیپسولز	کیپسولز	12 کیپسولز	75.00
14	اکسیر سرن کیپسولز	کیپسولز	20 کیپسولز	100.00
14	اکسیر فالج (نمبروار)	پیکٹ	10 گرام	15.00
15	اکسیر کرم (لیکوئڈ)	30گرام پاؤڈر	120ML	100.00
15	اکسیر کھانسی	پیکٹ	8 گرام	15.00
15	اکسیر گرمی	پیکٹ	8 گرام	15.00
16	اکسیر نمونیہ و زکام	پیکٹ	8 گرام	15.00
13	تریاق زہر باد کیپسولز	کیپسولز	کیپسولز	75.00
13	ٹانک گرینولز	پیکٹ	100 گرام	100.00
15	اکسیر خراج	پیکٹ	8 گرام	15.00

(G) گھوڑوں کی امراض کیلئے ادویات

صفحہ نمبر	نام ادویات	پیکنگ	مقدار دوا	قیمت
16	اکسیر آب گیر	پیکٹ	10 گرام	20.00
16	اکسیر کزاز (نمس)	پیکٹ	10 گرام	20.00
16	اکسیر ہڈا	پیکٹ	10 گرام	20.00

(H) جانوروں کی صحت اور دیکھ بھال کیلئے ہدایات

(صفحہ نمبر 17:19)

حیوانات کے امراض کیلئے ''کیوریٹو'' ہومیو پیتھک ادویات

ہومیو پیتھی کی روز افزوں ترقی اور عوام و خواص میں اس کی انتہائی مقبولیت اب صرف انسانی علاج معالجے کی حد تک محدود نہیں رہی۔ دنیا کے بہت سے ممالک میں (Homoeopathy in Veterinary Practice) یعنی ''ہومیو پیتھک ادویات سے حیوانات کا علاج'' کا مضمون بہت ایڈوانس ہو چکا ہے۔

پاکستان میں کیوریٹو میڈیسن کمپنی 1961ء سے حیوانات کی امراض کیلئے بفضلہ تعالیٰ مفید ہومیو پیتھک مرکبات مارکیٹ میں پیش کر رہی ہے۔ یہ ادویات:۔

1- فوری اثر ہیں اور مرض کی مکمل بیخ کنی کرتی ہیں۔
2- تجویز کرنا عام آدمی کیلئے بھی بہت آسان ہے۔ کیونکہ تشخیص کیلئے عام فہم علامات لکھ دی گئیں ہیں
3- بد اثرات (Side Effects) سے پاک ہیں۔ دیگر ادویات کے برعکس ان ادویات سے جانوروں کے دودھ، گوشت اور انڈوں پر کوئی [illegible] نہیں پڑتا
4- کھلانی بہت آسان ہیں۔ روٹی یا آٹے میں لپیٹ کر کھلائیں یا ویسے ہی جانور کے منہ میں ڈال دیں۔
5- دیگر طریق ہائے علاج کی نسبت سستی ہیں۔
6- رسالہ میں درج ادویات کے علاوہ بھی مختلف امراض کے نسخہ جات موجود ہیں۔ اگر کوئی بیماری مندرجہ بیماریوں کے علاوہ بھی ہو اور اس مرض کیلئے آپ دوا حاصل کرنا چاہیں تو ہیڈ آفس رابطہ کر سکتے ہیں۔ وہ دوا آپ کو خصوصاً بنوا کر بھجوا دی جائے گی۔

ترکیب استعمال:

ہر دوا کے ساتھ ترکیب استعمال درج ہے مرض کی شدت اور نوعیت کے مطابق دو کھلانے کا درمیانی وقفہ حسب ضرورت کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔ نیز اگر کسی جانور میں ایک سے زیادہ بیماریوں کی علامت موجود ہوں تو ان بیماریوں کی ادویات اکٹھی استعمال کروائی جا سکتی ہیں۔ چھوٹے جانوروں مثلاً کتوں بچھڑوں اور بھیڑ بکری کو دوائی کی آدھی مقدار (یعنی آدھا پیکٹ یا ایک کیپسول فی خوراک) استعمال کروائیں۔

(A)۔ دودھل جانوروں کیلئے ادویات

TREATMENT OF UDDERS AND TEATS

اینٹی سیپٹک آئینٹمنٹ

تھنوں اور حیوانہ پر لگانے کا مرہم
An antiseptic ointment for teats.

چوٹ، موسم کی شدت اور دیگر وجوہات سے تھنوں اور حیوانہ کے پھٹنے اور پیدا شدہ زخموں وغیرہ پر لگانے کی مفید دوا ہے۔ جو زخم کو انفکشن سے بچا کر تھنوں اور حیوانہ کو صحت مند رکھتی ہے۔ حسب ضرورت صبح دوپہر شام لگائیں۔

اکسیر پستان

تھنوں اور حیوانہ کی نشوونما کیلئے
For undeveloped or retarted udders and teats

بعض جانوروں کے پستان اور حیوانہ پوری نشوونما نہیں پاتے اور ان میں دودھ بھی کم ہوتا ہے۔ اس کی وجوہات بارسوز کی کمی خوراک کی کمی اور موروثی (نسلی) اسباب ہیں۔ نیز بعض جانوروں میں کسی بیماری کے بعد تھن چھوٹے ہو جاتے ہیں اور دودھ کم ہو جاتا ہے۔ ایسے جانوروں کو "اکسیر پستان" ہر دوسرے دن ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً دس بارہ پیکٹس کافی ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں دودھ کی کمی پوری کرنے کیلئے روزانہ "اکسیر دودھ گرینولز" کھلائیں۔

اکسیر خرابی دودھ

دودھ کی خرابی کیلئے
For abnormality of milk

دودھ میں پھٹکیاں، خون کی آمیزش اور رنگ یا ذائقہ کی تبدیلی وغیرہ دراصل تھنوں یا حیوانہ پر چوٹ لگنے یا جراثیم کی انفیکشن کی علامت ہے۔ وقت پر دودھ نہ دوہنے اور گندگی سے بھی یہ انفیکشن ہو سکتی ہے۔ ایسی صورت میں "اکسیر خرابی دودھ" حسب ضرورت بارہ یا چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے نمبروار ایک ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً آٹھ پیکٹس کافی ہوتے ہیں۔ اگر تھنوں یا حیوانہ پر سوزش بھی ہو تو "اکسیر خرابی دودھ" کے ہر پیکٹ کے ساتھ نمبروار ایک ایک پیکٹ "اکسیر سوزش پستان" بھی کھلائیں۔ مناسب ہے کہ مرض کی مکمل بیخ کنی کیلئے ایک ڈبی "اکسیر گلٹی پستان کیپسولز" بھی استعمال کروا دیں۔ خراب دودھ کو دوہتے وقت لازماً تھنوں سے نکال دینا چاہیے۔ نیز تھنوں کی صفائی کا خیال بھی رکھیں۔

اکسیر دودھ گرینولز

کمی دودھ کیلئے
For decrase in milk production

دودھ کی کمی کی بہت سی وجوہات ہیں مثلاً موروثی (نسلی) اسباب، سونے کے بعد میلانہ پھینکنا، خوراک کی کمی، پیٹ اور جگر کے کیڑے، موسم کی شدت، پانی کی کمی، تھنوں کی خرابی اور کوئی بیماری وغیرہ۔ جس جانور کا دودھ کم ہو اسے "اکسیر دودھ گرینولز" صبح و شام 10 گرام فی خوراک کھلائیں۔ عموماً آٹھ سے دس خوراکیں کافی ہیں۔ لیکن دودھ کی کمی کی مذکورہ وجوہات کا تدارک اور علاج بھی لازمی ہے۔

اکسیر سوزش پستان

تھنوں اور حیوانہ کی سوزش (ساڑو) کیلئے
For acute mastitis i.e. inflamation of udder & teats

تھنوں اور حیوانہ کی سوزش کی وجوہات بیکٹیریا اور وائرس کی انفیکشن چوٹ اور زخم ہیں۔ لہٰذا جانور کو صاف ستھری اور آرام دہ جگہ پر باندھنا چاہیے۔ نیز عدم صفائی، وقت پر دودھ نہ دوہنے اور انگوٹھا دوہرا کر کے دودھ نکالنے سے بھی

سوزش اور انفیکشن ہو سکتی ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر سوزش پستان" نمبر وار ایک ایک پیکٹ حسب ضرورت بارہ یا چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً آٹھ پیکٹس کافی ہوتے ہیں۔ اگر سوزش کیساتھ دودھ میں پھٹکیاں وغیرہ بھی ہوں تو "اکسیر سوزش پستان" کے ہر پیکٹ کے ساتھ "اکسیر خرابی دودھ" بھی نمبر وار ایک ایک پیکٹ کھلائیں۔ خراب دودھ تھنوں سے لازماً نکال دیں لیکن کوئی چیز مثلاً پرندے کا پر یا تنکا وغیرہ ہرگز تھن میں داخل نہ کریں اور مرض کی مکمل بیخ کنی کیلئے ایک ڈبی "اکسیر گلٹی پستان کیپسولز" بھی استعمال کروا دیں۔ اگر تھنوں پر کوئی ظاہری زخم وغیرہ بھی ہو تو "کیوریٹو آئل" یا اینٹی سپٹک آئینٹمنٹ لگائیں۔ (نیز دیکھیں "اکسیر گلٹی پستان کیپسولز")

اکسیر کریک پستان

تھنوں کے پھٹنے اور السر وغیرہ کیلئے

For cracked or chapped teats

موسم کی شدت اور دیگر وجوہات کے باعث بعض اوقات جانور کے تھنوں کی جلد پھٹ جاتی ہے اور اس سے تھوڑا سا خون رستا ہے۔ ایسی صورت میں "اکسیر کریک پستان" بارہ بارہ گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً چار یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ نیز تھنوں پر صبح شام "کیوریٹو آئل" یا اینٹی سپٹک آئینٹمنٹ" لگائیں اور صفائی کا خیال رکھیں۔

کیوریٹو آئل

تھنوں اور جلد کے زخموں کیلئے

A healer of skin and teats

تھنوں کے پھٹنے، ہر قسم کے زخموں اور دیگر جلدی امراض مثلاً خارش اور ایگزیما وغیرہ پر لگانے کیلئے مفید آئل ہے۔

اکسیر گلٹی پستان کیپسولز

تھنوں اور حیوانہ کی گلٹیوں، ناڑوں، منہ سڑی اور رسولی وغیرہ کیلئے

For chronic or fibrotic mastitis.

تھنوں یا حیوانہ کی گلٹیاں اور ناڑیں وغیرہ دراصل "فائبر ٹشوز" ہیں۔ جو انفیکشن، سوزش اور چوٹ وغیرہ کے بعد درست علاج نہ ہونے کے باعث پیدا ہو جاتے ہیں اور ان کی وجہ سے حیوانہ میں دودھ کی پیدائش بھی کم ہو جاتی ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر گلٹی پستان کیپسولز" دن میں چار یا پانچ دفعہ ایک ایک کیپسول کھلائیں، اور تریاق زہرباد روزانہ دو دو کیپسولز آٹھ دن تک کھلائیں۔ اگر تھنوں یا حیوانہ پر سوزش بھی ہو تو "اکسیر سوزش پستان" صبح شام ایک ایک پیکٹ کھلائیں۔ متاثرہ تھن میں سے دوھتے وقت دودھ ضرور نکال دینا چاہیے لیکن تھن میں کوئی چیز مثلاً پرندے کا پر یا تنکا وغیرہ داخل نہیں کرنا چاہیے اگر دودھ نکلنا بہت مشکل ہو تو دودھ نکالنے کی نالی (Milk Syphon) جراثیم سے پاک کر کے اس پر "کیوریٹو آئل" لگا کر تھن سے دودھ نکالیں۔ مکمل آرام آنے تک علاج جاری رکھیں۔

اکسیر مزاج

بدمزاج ضدی اور غصیلے جانوروں کیلئے

For ill tempered animals.

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرِ عنوان "متفرق امراض کیلئے ادویات"

اکسیر ملک فیور

دودھل جانوروں میں کیلشیم کی کمی سے فالجی کیفیت کیلئے

For milk fever, hypocalcemia

یہ مرض بہت زیادہ دودھ دینے والی گائے بھینسوں میں سونے کے بعد ہوتا ہے جب کہ دودھ کے ذریعے یکدم جسم سے بہت سا کیلشیم نکل جائے۔ پہلے بھوک اور دودھ یکدم کم ہو جاتا ہے اور پچھلی ٹانگیں اکڑ جاتی ہیں۔ پھر جانور لیٹ

جاتا ہے اور اُٹھ نہیں سکتا۔ سر موڑ کر پہلو (وکھی) کے ساتھ لگا لیتا ہے گوبر اور پیشاب بند ہو جاتا ہے، جسم ٹھنڈا پڑ جاتا ہے اور آنکھیں پتھرا جاتی ہیں ایسی صورت میں جانور کو ''اکسیر ملک فیور'' مرض کی شدت کے مطابق آدھ گھنٹہ، گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔ جانور کو دودھ میں گلوکوز یا کیلشیم کی گولیاں ملا کر پلانا بھی مفید ہے۔ لیکن یہ خیال رکھیں کہ دودھ سانس کی نالی میں نہ چلا جائے۔ مکمل آرام آنے تک علاج جاری رکھیں۔

اکسیر نفاس

سونے کے بعد جانور کی اندرونی صفائی (میلا پھینکنے) کیلئے

For Complete Discharge of Lochia

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''امراض افزائش نسل کیلئے ادویات''

(B)۔ امراض افزائش نسل کیلئے

TREATMENT OF THE DISEASES OF REPRODUCTIVE SYSTEM

اکسیر پرسوت

پرسوتی بخار اور سونے کے بعد انفیکشن کیلئے

For post natal septecemia and infection of the uterus etc

بچہ دینے کے بعد جانور کے رحم کی پوری صفائی نہ ہونے سے سیپٹک مادہ (گلا سڑا زہریلا مواد) پیدا ہو جاتا ہے اور اس کے جراثیم خون میں شامل ہو کر جانور کو پرسوتی بخار ہو جاتا ہے۔ ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے، جانور کھانا پینا اور جگالی بند کر دیتا ہے، کانپتا ہے، جسم کو جھٹکے لگتے ہیں اور جانور اُٹھ نہیں سکتا، آنکھ کی جھلی، منہ اور مقعد کی میوکس ممبرین میں خون کے دھبے نظر آتے ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر پرسوت'' مرض کی شدت کے مطابق آدھ گھنٹہ، ایک گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفے سے حسب ضرورت کھلائیں۔ نوٹ: تندرست جانور کو پرسوت، انفیکشن اور دیگر مسائل سے حفظ ماتقدم کیلئے سونے کے بعد ''اکسیر نفاس'' صبح شام ایک ایک پیکٹ تین دن تک کھلائیں۔

تریاق زہر باد کیپسولز

رحم یا جسم کے کسی حصے میں انفیکشن اور سوزش کیلئے

For Septicemia, Metritis, Viginitis, Mastitis & other Infections

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''متفرق امراض کیلئے ادویات''

اکسیر تسہیل ولادت

بچہ دینے (سونے) میں دقت اور تکلیف کیلئے

For Dystocia

بعض اوقات جانور کو سونے میں سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بہت دیر لگتی ہے لیکن بچہ باہر نہیں آتا۔ اس کی وجوہات میں جانور کی کمزوری، رحم کی حرکات میں کمی، رحم کا منہ بند ہونا اور رحم میں بچہ کی پوزیشن درست نہ ہونا وغیرہ ہیں۔ ایسی صورت میں جانور کو ''اکسیر تسہیل ولادت'' حسب ضرورت دس منٹ سے تیس منٹ کے وقفہ سے دو چار خوراکیں کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ چار پانچ پیکٹس کھلانے سے بچہ باہر آ جائے گا۔ اگر ایسا نہ ہو تو امکان ہے کہ بچہ نارمل نہیں ہے۔ ایسی صورت میں جانوروں کے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ سونے کیلئے بچے کو بہت زور سے کھینچنا اور جھٹکے مارنا ماں کیلئے سخت نقصان دہ ہے۔

اکسیر جیر گرینولز

جیر (آنول) نہ گرانے کی تکلیف کیلئے
For retention of placenta

جانور کو سونے کے بعد بارہ گھنٹہ کے اندر جیر گرا دینی چاہیے۔ لیکن بعض جانور وقت پر جیر نہیں گراتے۔ ایسی صورت میں اکسیر جیر گرینولز دو، دو گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً پانچ سے دس پیکٹس کافی ہیں۔ چوبیس گھنٹے تک جیر نہ گرانے سے انفیکشن ہوسکتی ہے اس صورت میں ''تریاق زہرباد کیپسولز'' دن میں تین دفعہ ساتھ کھلائیں۔ اگر کسی جانور کا بچہ پیٹ میں مر جائے تو اسے نکالنے کیلئے ''اکسیر جیر گرینولز'' دو، دو گھنٹے کے وقفہ سے اور ''تریاق زہرباد کیپسولز'' چھ چھ گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ نوٹ: جیر کو زبردستی کھینچ کر نہیں نکالنا چاہیے اس سے جانور کے رحم اور دودھ کی پیدائش کو سخت نقصان پہنچتا ہے۔ اگر کسی جانور میں جیر کا مسئلہ ہر دفعہ پیدا ہو جائے تو اُسے سونے کے بعد چھ ماہ سے پہلے حمل نہیں کرنا چاہیے۔

اکسیر حمل

مادہ جانوروں کے بانجھ پن کیلئے
For infertility of female animals

بعض مادہ جانور گرم نہیں ہوتیں یا اُن کا حمل ٹھہرتا نہیں، اس کی وجوہات جانور کی کمزوری، حد سے زیادہ موٹاپا، رحم کی کمزوری اور نظام تولید کی انفیکشن وغیرہ ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر حمل'' چار پیکٹس (روزانہ ایک پیکٹ نمبروار) کھلانا کافی ہے۔ لیکن اگر ضرورت ہو تو دو ہفتہ کے بعد پھر چار پیکٹس کھلانے سے بفضلہ تعالیٰ مادہ جانور گرم ہو جائیگی۔ اگر نظام تولید کی انفیکشن ہو تو ''تریاقِ زہرباد کیپسولز'' دو کیپسولز روزانہ پانچ دن کھلائیں، اور پھر ''اکسیر حمل'' کا ایک کورس (چار پیکٹس) کھلائیں اور نر جانور کیساتھ رکھیں۔ گرم خوراک دیں وقت پر حاملہ کروائیں اور جانور کی صحت کا خیال رکھیں۔

اکسیر رحم

اوانس یا پیچھا نکالنے کیلئے
For prolapse of vagina and uterus

بعض مادہ جانور اوانس (اندرونی اعضاء) باہر نکالتی ہیں۔ اس کی وجہ اندرونی اعضاء اور پٹھوں کی کمزوری، پیٹ کے اعضاء کا رحم پر دباؤ اور انفیکشن وغیرہ ہیں۔ نیز اگر بچہ یا جیر کو زبردستی کھینچ کر باہر نکالا جائے تو سونے کے بعد یہ تکلیف ہوسکتی ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر رحم'' حسب ضرورت بارہ یا چوبیس گھنٹے کے وقفے سے نمبروار کھلائیں۔ عموماً چار سے آٹھ پیکٹس کافی ہوتے ہیں۔ نیز ''اکسیر رحم'' کے ہر پیکٹ کے ساتھ ''تریاق زہرباد کیپسولز'' کے دو کیپسولز کھلائیں۔ جانور کو رسی کا چھکا (Truss) چڑھا دیں۔ پانی زیادہ پلائیں نرم غذا دیں اور پیٹ بھر کر ہرگز نہ کھلائیں۔ نیز جانور کو ڈھلوان سطح پر باندھیں تا کہ وہ آگے سے نیچا رہے اور اس کا پچھلا حصہ اونچا رہے۔

نوٹ: اوانس چڑھانا ہو تو کیور یٹو ٹنکچر کے 10 فیصد لوشن سے صاف کر کے صاف ہاتھوں سے احتیاط سے چڑھائیں۔

اکسیر ملک فیور

سونے کے بعد نمکیات کی کمی سے فالجی کیفیت کیلئے
For hypocalcemia

تفصیل کے لئے دیکھیں زیرعنوان ''دودھل جانوروں کیلئے ادویات''

اکسیر جیر گرینولز

جیر (آنول) نہ گرانے کی تکلیف کیلئے
For retention of placenta

جانور کو سونے کے بعد بارہ گھنٹہ کے اندر جیر گرا دینی چاہیے۔ لیکن بعض جانور وقت پر جیر نہیں گراتے۔ ایسی صورت میں اکسیر جیر گرینولز دو، دو گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً پانچ سے دس پیکٹس کافی ہیں۔ چوبیس گھنٹے تک جیر نہ گرانے سے انفیکشن ہوسکتی ہے اس صورت میں ''تریاق زہرباد کیپسولز'' دن میں تین دفعہ ساتھ کھلائیں۔ اگر کسی جانور کا بچہ پیٹ میں مر جائے تو اسے نکالنے کیلئے ''اکسیر جیر گرینولز'' دو، دو گھنٹے کے وقفہ سے اور ''تریاق زہرباد کیپسولز'' چھ چھ گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ نوٹ: جیر کو زبردستی کھینچ کر نہیں نکالنا چاہیے اس سے جانور کے رحم اور دودھ کی پیدائش کو سخت نقصان پہنچتا ہے۔ اگر کسی جانور میں جیر کا مسئلہ ہر دفعہ پیدا ہو جائے تو اُسے سونے کے بعد چھ ماہ سے پہلے حمل نہیں کرنا چاہیے۔

اکسیر حمل

مادہ جانوروں کے بانجھ پن کیلئے
For infertility of female animals

بعض مادہ جانور گرم نہیں ہوتیں یا اُن کا حمل ٹھہرتا نہیں، اس کی وجوہات جانور کی کمزوری، حد سے زیادہ موٹاپا، رحم کی کمزوری اور نظام تولید کی انفیکشن وغیرہ ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر حمل'' چار پیکٹس (روزانہ ایک پیکٹ نمبروار) کھلانا کافی ہے۔ لیکن اگر ضرورت ہو تو دو ہفتہ کے بعد پھر چار پیکٹس کھلانے سے بفضلہ تعالیٰ مادہ جانور گرم ہو جائیگی۔ اگر نظام تولید کی انفیکشن ہو تو ''تریاق زہرباد کیپسولز'' دو کیپسولز روزانہ پانچ دن کھلائیں اور پھر ''اکسیر حمل'' کا ایک کورس (چار پیکٹس) کھلائیں اور نر جانور کیساتھ رکھیں۔ گرم خوراک دیں وقت پر حاملہ کروائیں اور جانور کی صحت کا خیال رکھیں۔

اکسیر رحم

اوانس یا پیچھا نکالنے کیلئے
For prolapse of vagina and uterus

بعض مادہ جانور اوانس (اندرونی اعضاء) باہر نکالتی ہیں۔ اس کی وجہ اندرونی اعضاء اور پٹھوں کی کمزوری، پیٹ کے اعضاء کا رحم پر دباؤ اور انفیکشن وغیرہ ہیں۔ نیز اگر بچہ یا جیر کو زبردستی کھینچ کر باہر نکالا جائے تو سونے کے بعد یہ تکلیف ہوسکتی ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر رحم'' حسب ضرورت بارہ یا چوبیس گھنٹے کے وقفے سے نمبروار کھلائیں۔ عموماً چار سے آٹھ پیکٹس کافی ہوتے ہیں۔ نیز ''اکسیر رحم'' کے ہر پیکٹ کے ساتھ ''تریاق زہرباد کیپسولز'' کے دو کیپسولز کھلائیں۔ جانور کو رسی کا چھکا (Truss) چڑھا دیں۔ پانی زیادہ پلائیں نرم غذا دیں اور پیٹ بھر کر ہرگز نہ کھلائیں۔ نیز جانور کو ڈھلوان سطح پر باندھیں تاکہ وہ آگے سے نیچا رہے اور اس کا پچھلا حصہ اونچا رہے۔

نوٹ: اوانس چڑھانا ہو تو کیوریٹو ٹنکچر کے 10 فیصد لوشن سے صاف کر کے صاف ہاتھوں سے احتیاط سے چڑھائیں۔

اکسیر ملک فیور

سونے کے بعد نمکیات کی کمی سے فالجی کیفیت کیلئے
or hypocalcemia

تفصیل کے لئے دیکھیں زیرعنوان ''دودھل جانوروں کیلئے ادویات''

اکسیرنفاس

سونے کے بعد جانور کی اندرونی صفائی (میلا پھینکنے) کیلئے
For Complete Discharge of Lochia

بچہ دینے کے بعد جانور کے رحم سے ایک خاص قسم کی خون آمیز رطوبت کا اخراج ہوتا ہے جسے نفاس کہتے ہیں۔ یہ رطوبت کم وبیش دس دن تک جاری رہتی ہے۔ اگر رحم سے اس رطوبت کا مکمل اخراج نہ ہو تو جانور میں بھوک کی کمی، کمزوری، بخار اور دودھ کی کمی وغیرہ واقع ہو جاتی ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر نفاس'' صبح شام ایک ایک پیکٹ تین چار دن کھلائیں۔ نیز ہر جانور کو سونے کے بعد ''اکسیر نفاس'' صبح شام ایک ایک پیکٹ تین چار روز تک کھلانے سے پورا دودھ اُترنے کے علاوہ انفیکشن اور دیگر مسائل کا تدارک بھی ہوتا ہے۔

(C)۔ نظام ہضم کے امراض کیلئے ادویات

TREATMENT OF THE DISEASES OF THE DIGESTIVE SYSTEM

عمومی نوٹ: جانوروں کو صاف ستھرا تازہ پانی پلائیں اور تازہ صاف چارہ کھلائیں جو موسم کی شدت سے بہت گرم یا ٹھنڈا نہ ہوا ہو۔ ایک ہی قسم کے بجائے چارہ بدل بدل کر دیں اور بھوسہ (توڑی) بھی کھلائیں۔ کھرلی میں نمک رکھیں اور جانوروں کو کچھ وقت چرانے کیلئے کھلا بھی چھوڑا کریں۔

اکسیر اپھارہ

جانوروں کے پیٹ میں ہوا بھرنے (آپھرنے) کی دوا
For tympany

اپھارہ کا سبب نرم سبز چارہ مثلاً شفتل، برسیم، گلا سڑا خمیرہ چارہ، نیز دانے اور روٹی کے ٹکڑے زیادہ کھا کر پانی پی لینا وغیرہ ہیں۔ اس سے پیٹ میں زہریلی گیسیں پیدا ہو کر جانور کا پیٹ پھول جاتا ہے۔ جانور مشکل سے سانس لیتا اور تکلیف محسوس کرتا ہے۔ مرض مہلک ہے۔ شدید خطرہ کی حالت میں پانچ منٹ کے وقفہ سے نسبتاً آرام میں پندرہ منٹ یا ایک گھنٹے کے وقفہ سے ''اکسیر اپھارہ'' کھلائیں۔ عموماً دو تین پیکٹس بفضلہ تعالیٰ کافی ہیں۔ ایمرجنسی کی وجہ سے اس دوا کو ہر وقت جانوروں والے گھر میں موجود ہونا چاہیے۔

اکسیر بندش

پیشاب اور پاخانہ کی رکاوٹ اور پیٹ درد کیلئے
For Colic, Impaction and Retention of Urine

پاخانہ اور پیشاب کی رکاوٹ، قبض اور پیٹ درد گھوڑوں اور خچروں کے علاوہ مویشی میں بھی ہوتی ہے۔ اس کی وجہ معدہ اور آنتوں کی کمزوری، خشک اور مقوی خوراک زیادہ کھا جانا، پانی کم پینا، گردے کی پتھری، گندا پانی اور ناقص چارہ کھانا وغیرہ ہیں۔ جانور بے چین ہوتا ہے۔ ٹانگ کو پیٹ پر اور زمین پر مارتا ہے اور پیشاب کیلئے زور لگاتا ہے۔ قبض کی صورت میں پیٹ پھول جاتا ہے۔ شدید تکلیف میں ''اکسیر بندش'' پندرہ پندرہ منٹ بعد اور نسبتاً آرام میں دو چار گھنٹے بعد کھلائیں۔ عموماً چھ سے آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ آرام آنے کے بعد جانور کو نرم اور زود ہضم خوراک دیں اور پانی زیادہ پلائیں۔

اکسیر خونی پیچش

پاخانہ میں خون اور بلغم (آؤں) وغیرہ آنے کی دوا
For Dysentery

انتڑیوں کے پیراسائٹس اور نظام ہضم کی خرابی کے باعث جانور کو پیچش کی دیگر علامات کے علاوہ گوبر میں جھاگ اور

لیسدار مواد آنا شروع ہو جاتا ہے۔ خون بظاہر نظر نہیں آتا لیکن اس کی وجہ سے کچھ دیر بعد گوبر کی رنگت سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر خونی پیچش" صبح دوپہر شام ایک ایک پیکٹ دیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ پیٹ کے کیڑوں کی صورت میں "اکسیر کرم" استعمال کروائیں۔

اکسیر ریح

پیٹ میں ہوا کی پرانی تکلیف کیلئے

For Chronic Tympanites.

بعض جانور میں نظام ہضم کی کمزوری، معدہ کی تیزابیت، بادی خوراک اور دیگر وجوہات کے باعث بھوک کی کمی، ہاضمہ کی خرابی، منہ سے رال اور بدبو اور پیٹ میں اکثر ہوا رہتی ہے۔ جانور تکلیف محسوس کرتا ہے اور تھوڑا تھوڑا گوبر کرتا رہتا ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر ریح و بادی" صبح شام کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

اکسیر کرم

پیٹ اور جگر کے کیڑوں کیلئے

A Remedy For Intestinal Worms & Liver Fluke.

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرِ عنوان "متفرق امراض کیلئے ادویات"

اکسیر گندگی چھوڑ

لکڑی، ہڈیاں، گوبر اور کپڑے وغیرہ کھانے کی عادت کیلئے

For Pica of Litter

معدہ اور ہاضمہ کی خرابی اور خوراک میں ضروری اجزاء مثلاً کیلشیم، فاسفورس اور کوبالٹ جیسے نمکیات کی کمی کے باعث بعض جانور ہڈیاں، چمڑہ، لکڑی، کپڑا اور گوبر وغیرہ کھاتے ہیں اور کمزور ہو کر دودھ اور کارکردگی کم کر دیتے ہیں۔ ایسے جانور کو "اکسیر گندگی چھوڑ" صبح شام ایک ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً آٹھ دس پیکٹس کافی ہیں۔ نیز جانور کی کھرلی میں نمک کا ڈھیلا رکھیں، ونڈا اور کھل کھلائیں اور جانور کو چرنے کیلئے کھلا چھوڑا کریں۔

اکسیر مٹی چھوڑ

مٹی کھانے کی عادت کیلئے

For Pica i.e. Licking earth.

جانوروں میں مٹی کھانے کی عادت ہاضمہ اور معدہ کی خرابی کے علاوہ غذا میں اہم اجزاء اور نمکیات کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جو سخت نقصان دہ ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر مٹی چھوڑ" نہار روزانہ ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً چار یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ نیز ایسے جانور کو کھل اور ونڈا کھلائیں۔ کھرلی میں نمک کا ڈھیلا رکھیں اور چرنے کیلئے کھلا چھوڑا کریں۔

اکسیر منہ کھر

منہ کھر یا موکھر کیلئے

For Foot and Mouth Disease

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرِ عنوان "مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات"

منہ کھر روک

منہ کھر کیلئے حفظ ماتقدم

Prophylactic for Foot and Mouth

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرِ عنوان "مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات"

اکسیر واہ کیپسولز

واہ، موک یا اسہال کیلئے

For Diarrhea

معدہ کی کمزوری، سبز چارے کی زیادتی، زیادہ کھا جانے اور انفیکشن کے علاوہ پیٹ کے کیڑوں وغیرہ کے باعث جانوروں کو واہ یا اسہال کا مرض ہو جاتا ہے۔ جس سے جانور کمزور ہو کر دودھ اور کارکردگی کم کر دیتا ہے۔ ایسے جانور

کو حسب ضرورت ''اکسیر واہ کیپسولز'' چھوٹے جانور کو ایک اور بڑے جانور کو دو کیپسولز فی خوراک تین چار بار دیں آرام آنے کے بعد ایک یا دو مرتبہ دیں۔ نظام ہضم کی انفیکشن کی صورت میں ''تریاق زہر باد کیپسولز'' صبح وشام کھلائیں۔ نوٹ: اگر واہ کا باعث پیٹ یا جگر کے کیڑے ہوں تو ''اکسیر کرم'' کھلائیں

وبائی اسہال، موک سے حفظ ما تقدم کیلئے

واہ روک
Prophylactic for Diarrhea

اگر واہ کا مرض وبائی صورت میں ہو تو بطور حفظ ما تقدم ہر تندرست جانور کو صرف دو پیکٹس ''واہ روک'' (ایک صبح ایک شام) کھلا دیں تا کہ جانور واہ کی بیماری سے محفوظ رہے۔

ہاضمے اور بھوک کی کمی کیلئے

اکسیر ہضم و بھوک گرینیولز
For indigestion and Inappetence

جانوروں میں ہاضمہ کی جملہ خرابیوں مثلاً بھوک کی کمی، بدہضمی، پیٹ میں ہوا اور طبیعت کی سستی کو دور کرتی ہے اور بھوک بڑھا کر بفضلہٖ تعالیٰ جانور کی صحت، دودھ اور کارکردگی میں اضافہ کرتی ہے۔ چھوٹے جانور کو پانچ گرام اور بڑے جانور کو دس گرام فی خوراک چار، بارہ یا چوبیس گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔

(D)۔ مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات

TREATMENT OF THE FATAL AND EPIDEMIC DISEASES

تشخیص نہ ہو سکنے والے شدید امراض کیلئے

اکسیر اعظم
For Undiagnosed Aliments and Emergencies

جب کسی تکلیف میں مرض سمجھ نہ آ رہا ہو یا متعلقہ دوائی نہ مل رہی ہو اور جانور کو شدید تکلیف ہو ''اکسیر اعظم'' مرض کی شدت کے مطابق پندرہ منٹ، گھنٹہ یا چار گھنٹے کے وقفے سے حسب ضرورت کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ فوری افاقہ ہوگا۔

پیٹ میں ہوا بھرنے (اپھرنے) کی دوا

اکسیر اپھارہ
For Tympany

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''نظام ہضم کے امراض کیلئے ادویات''

پر سوتی بخار اور سونے کے بعد انفیکشن کیلئے

اکسیر پرسوت
For Post Natal Speticemia & Infection of Uterus

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''امراض افزائش نسل کیلئے ادویات''

پیشاب میں خون آنے، رت موترا کیلئے

اکسیر سرکن کیپسولز
For Red Water Disease, Babesiosis

سرکن کا سبب ایک پروٹوزوا ''بیبیزیا'' ہے جو چچڑیوں کے ذریعے پھیلتا ہے۔ نیز فاسفورس، کیلشیم اور دیگر نمکیات کی کمی بھی اس کا باعث ہے۔ اس مرض میں جانور کے خون کے سرخ سیلز تباہ ہو کر پیشاب کے ذریعے خارج ہوتے ہیں جس سے پیشاب کا رنگ سرخی یا سیاہی مائل ہو جاتا ہے اور جانور کو قبض بھی ہو جاتی ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر سرکن کیپسولز'' دو کیپسولز فی خوراک دو دو گھنٹہ بعد کھلائیں۔ جب نسبتاً آرام ہو تو چار یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب

ضرورت کھلائیں۔ نیز اگر سرکن کے ساتھ قبض بھی ہو تو ''اکسیر سرکن کیپسولز'' کی ہر دوسری خوراک کے ساتھ ''اکسیر بندش'' بھی ایک ایک پیکٹ کھلا دیں۔ سرکن کے مریض جانور کو صبح شام دودھ پلانا اور مقوی و قبض کشا خوراک دینا بھی بہت مفید ہے۔

اکسیر گل گھوٹو

گل گھوٹو کیلئے

For Hemorrhagic Septicemia

اس مرض کا بیکٹیریا جانور کے خون میں سخت انفیکشن پیدا کر کے خون کی باریک رگوں کو پھاڑ دیتا ہے اور جسم کو پوری آکسیجن نہیں پہنچتی۔ جانور کو گلے پر سوجن اور بخار ہو جاتا ہے منہ سے رال بہتی ہے، سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے اور ڈکارنے کی آواز نکلتی ہے۔ ایسے جانور کو مرض کی شدت کے مطابق حسب ضرورت پندرہ منٹ یا ایک گھنٹے کے وقفہ سے ''اکسیر گل گھوٹو'' کھلائیں۔ نسبتاً آرام ہو تو چار چار گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً آٹھ دس پیکٹس کافی ہیں۔

گل گھوٹو روک

گل گھوٹو کی وباء سے بچاؤ کیلئے (حفظ ماتقدم)

Prophylactic for H. S.

گل گھوٹو کی وبا بارش کے موسم میں نمودار ہوتی ہے۔ بیماری سے بچاؤ کیلئے ہر تندرست جانور کو (بطور حفظ ماتقدم) صرف دو پیکٹس (ایک صبح ایک شام) ''گل گھوٹو روک'' کھلائیں۔

اکسیر ملک فیور

کیلشیم اور نمکیات کی کمی سے فالج کیفیت کیلئے

For Milk Fever, Hypocaleemia

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''دودھل جانوروں کیلئے ادویات''

اکسیر منہ کھر

منہ کھر یا موکھر کیلئے

For Foot and Mouth Disease

اس متعدی مرض کا باعث ایک وائرس ہے۔ اس کی علامات جانور کے منہ اور پاؤں میں چھالے اور زخم ہیں۔ جانور لنگڑاتا ہے اور کھانا پینا بند کر دیتا ہے۔ منہ سے رالیں بہتی ہیں اور جانور کو بخار ہو جاتا ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر منہ کھر'' حسب ضرورت بارہ یا چوبیس گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ جانور کو کترا ہوا نرم چارہ دیں اور پاؤں کے زخموں کی فینائل وغیرہ سے صفائی کریں۔ تاکہ مکھیاں وغیرہ بیٹھ کر کیڑے پیدا نہ ہوں۔

منہ کھر روک

منہ کھر کی وباء سے بچاؤ کیلئے حفظ ماتقدم

Prophylactic For Foot and Mouth Disease

یہ متعدی مرض عموماً خزاں یا بہار میں مویشیوں اور بھیڑ بکریوں میں پیدا ہوتی ہے۔ ہر تندرست جانور کو مرض کے حملہ سے بچاؤ کیلئے (بطور حفظ ماتقدم صرف دو پیکٹس (ایک صبح ایک شام) ''منہ کھر روک'' کھلائیں۔

(E)۔جلدی امراض کیلئے ادویات

TREATMENT OF THE SKIN DISEASES

اکسیر جلد

جلدی امراض مثلاً خارش کیلئے
For General Skin Problems

جانوروں میں بیکٹیریا یا فنگس اور Mites وغیرہ کے باعث متفرق جلدی امراض مثلاً خارش، ایگزیما اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔ جانور خارش کرتا اور جسم کو مختلف چیزوں سے رگڑتا ہے جس سے بال جھڑنے شروع ہو جاتے ہیں۔ کھال خراب ہو جاتی ہے اور جانور کمزور ہو جاتا ہے۔ ایسے جانور ''اکسیر جلد'' نمبروار روزانہ ایک پیکٹ کھلائیں۔ چار سے آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ نیز ''کیوریٹو آئل'' جلد پر اچھی طرح لگائیں۔ ضرورت ہو تو دس پندرہ دن بعد دوبارہ اکسیر جلد کھلائیں۔ جانور کو صاف ستھرا رکھیں اور صاف پانی سے نہلائیں۔

اکسیر چیچڑی

چیچڑوں اور جوئوں کیلئے
For Ticks and Lice Infestation

صفائی کی کمی، گندے تالابوں میں نہانے، گندے جانوروں کے ساتھ رہنے اور وٹامن B وغیرہ کی کمی سے جانور کو چیچڑیاں اور جوئیں پڑ جاتی ہیں جو جانور کا خون چوس کر اسے کمزور کرتی اور اس کا دودھ اور کارکردگی کم کر دیتی ہیں۔ نیز جلدی امراض کے علاوہ فالج، سرکن اور بخار وغیرہ کا سبب بھی بنتی ہیں۔ ایسے جانور کو اکسیر چیچڑی نمبروار روزانہ ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً چار یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

کیوریٹو آئل

تھنوں اور جلد کے زخموں کیلئے
A Healer of Skin and Teats

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرِ عنوان ''دودھل جانوروں کیلئے ادویات''

اکسیر گینگرین

تھنوں اور دُم وغیرہ کے گلنے (موھری) کی دوا
For Gangrene

گینگرین ایسا زخم ہے جو بدبودار ہوتا ہے اور خراب ہو کر بڑھتا جاتا ہے۔ کیونکہ جسم کے اس حصہ میں خون کی سپلائی کسی وجہ سے ختم ہو جاتی ہے۔ اس کی وجوہات زخم پر مسلسل دباؤ، بار بار دکھنا، شدید گرمی یا سردی کا اثر، جراثیم کی انفیکشن اور کیمیائی اجزاء کا اثر وغیرہ ہیں۔ جلد کے علاوہ یہ مرض دُم، کانوں کے سروں اور تھنوں وغیرہ پر ہوتا ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر گینگرین'' نمبروار روزانہ ایک پیکٹ کھلائیں عموماً آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ زخم پر ''کیوریٹو آئل'' لگائیں اسے دکھنے سے بچائیں۔ صاف ستھرا رکھیں اور کوے اور دوسرے جانوروں سے بچائیں۔

(F)۔ متفرق امراض کیلئے ادویات

TREATMENT OF THE MISCELLANEOUS DISEASE

اکسیر اعظم

تشخیص نہ ہو سکنے والے شدید امراض کیلئے
For Undiagnosed Ailments & Emergencies

تفصیل کیلئے دیکھیں زیر عنوان ''مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات''

کیوریٹو (اکسیر بخار)

جانوروں کے بخار وغیرہ کیلئے
For Fever, Pyrexia

بخار کی وجہ جراثیم کی انفیکشن، حشرات کا کاٹنا، چوٹ، موسم کی تبدیلی اور چارہ کا اثر وغیرہ ہیں۔ بخار میں جانور کا ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے، چارہ کم کھاتا ہے اور بے چین ہو جاتا ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر بخار'' مرض کی شدت کے مطابق دو گھنٹے چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

تریاق زہر باد کیپسولز

رحم یا جسم کے کسی حصے میں انفیکشن اور سوزش کیلئے
For Septicemia, Metritis, Viginitis, Mastitis & other Infections

جسم کے کسی حصہ میں انفیکشن، سوزش اور تعفن واقع ہونے کو زہر باد کہتے ہیں۔ یہ علامات جلد کے علاوہ نظام ہضم اور نظام تولید میں بھی پیدا ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ معدہ کی انفیکشن اور ہاضمہ کی خرابی میں جانور کے منہ سے بو آنا، سونے کے بعد رحم میں زہریلے مادوں کی وجہ سے پرسوتی بخار، جیر کے ٹکڑے اندر رہ جانے سے انفیکشن و بخار اور تھنوں کی سوزش غرض ہر قسم کی انفیکشن میں ''تریاق زہر باد کیپسولز'' چھوٹے جانور کو ایک اور بڑے جانور کو دو کیپسولز فی خوراک بارہ سے چوبیس گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔

ٹانک گرینولز

جسمانی کمزوری اور نشوونما کی کمی کیلئے
A Tonic for General Dability

جب جانور میں کسی ظاہری تکلیف یا بیماری کے بغیر بھوک کی کمی، جسمانی کمزوری اور دودھ کی پیداوار متاثر ہو تو ''ٹانک گرینولز'' سے بفضلہٖ تعالیٰ جانور کی صحت و کارکردگی بہتر ہو جاتی ہے۔ چھوٹے جانور کو پانچ گرام اور بڑے جانور کو دس گرام فی خوراک صبح و شام دیں۔

اکسیر ٹک کیپسولز

ٹک، سک ٹک، جکڑوا اور گرم سرد ہو جانے کیلئے
For Emaciation & Effets of Cold & Dampness on Skin & Body

گرم سرد ہونے، سردی لگنے یا جسم میں نمکیات کی کمی سے بعض اوقات جانور کی جلد اکڑ جاتی ہے، بال کھڑے ہو جاتے ہیں، جانور کھانا پینا اور چلنا پھرنا کم کر دیتا ہے اور کمزور ہو جاتا ہے اور اس کیفیت کو ٹک، سک ٹک یا جکڑوا کہتے ہیں۔ آنتوں کا ایک پیرا سائیٹ Cooperia بھی اس کا باعث ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر ٹک کیپسولز'' دو، دو کیپسولز چار گھنٹے، بارہ گھنٹے یا چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ اگر جانور کو بخار بھی ہو تو ''اکسیر بخار'' بھی ساتھ کھلائیں۔ (نیز

(F)۔ متفرق امراض کیلئے ادویات

TREATMENT OF THE MISCELLANEOUS DISEASE

اکسیراعظم
تشخیص نہ ہو سکنے والے شدید امراض کیلئے
For Undiagnosed Ailments & Emergencies

تفصیل کیلئے دیکھیں زیرعنوان "مہلک اور وبائی امراض کیلئے ادویات"

کیوریٹو (اکسیر بخار)
جانوروں کے بخار وغیرہ کیلئے
For Fever, Pyrexia

بخار کی وجہ جراثیم کی انفیکشن، حشرات کا کاٹنا، چوٹ، موسم کی تبدیلی اور چارہ کا اثر وغیرہ ہیں۔ بخار میں جانور کا ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے، چارہ کم کھاتا ہے اور بے چین ہو جاتا ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیر بخار" مرض کی شدت کے مطابق دو گھنٹے چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

تریاق زہرباد کیپسولز
رحم یا جسم کے کسی حصے میں انفیکشن اور سوزش کیلئے
For Septicemia, Metritis, Viginitis, Mastitis & other Infections

جسم کے کسی حصہ میں انفیکشن، سوزش اور تعفن واقع ہونے کو زہرباد کہتے ہیں۔ یہ علامات جلد کے علاوہ نظام ہضم اور نظام تولید میں بھی پیدا ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ معدہ کی انفیکشن اور ہاضمہ کی خرابی میں جانور کے منہ سے بو آنا، سونے کے بعد رحم میں زہریلے مادوں کی وجہ سے پرسوتی بخار، جیر کے ٹکڑے اندر رہ جانے سے انفیکشن و بخار اور تھنوں کی سوزش غرض ہر قسم کی انفیکشن میں "تریاق زہرباد کیپسولز" چھوٹے جانور کو ایک اور بڑے جانور کو دو کیپسولز فی خوراک بارہ سے چوبیس گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔

ٹانک گرینیولز
جسمانی کمزوری اور نشوونما کی کمی کیلئے
A Tonic for General Dability

جب جانور میں کسی ظاہری تکلیف یا بیماری کے بغیر بھوک کی کمی، جسمانی کمزوری اور دودھ کی پیداوار متاثر ہوتو "ٹانک گرینیولز" سے بفضلہ تعالیٰ جانور کی صحت و کارکردگی بہتر ہو جاتی ہے۔ چھوٹے جانور کو پانچ گرام اور بڑے جانور کو دس گرام فی خوراک صبح و شام دیں۔

اکسیرٹک کیپسولز
ٹک، سک ٹک، جکڑوا اور گرم سرد ہو جانے کیلئے
For Emaciation & Effets of Cold & Dampness on Skin & Body

گرم سرد ہونے، سردی لگنے یا جسم میں نمکیات کی کمی سے بعض اوقات جانور کی جلد اکڑ جاتی ہے، بال کھڑے ہو جاتے ہیں، جانور کھانا پینا اور چلنا پھرنا کم کر دیتا ہے اور کمزور ہو جاتا ہے اور اس کیفیت کو ٹک، سک ٹک یا جکڑوا کہتے ہیں۔ آنتوں کا ایک پیراسائیٹ Cooperia بھی اس کا باعث ہے۔ ایسے جانور کو "اکسیرٹک کیپسولز" دو، دو کیپسولز چار گھنٹے، بارہ گھنٹے یا چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ اگر جانور کو بخار بھی ہوتو "اکسیر بخار" بھی ساتھ کھلائیں۔ (نیز

دیکھیں ''اکسیر نمونیہ وزکام'') سک ٹک والے جانور کو نمکیات پر مشتمل پاؤڈر دیں اور چرنے کیلئے کھلا چھوڑا کریں۔

اکسیر چشم

آنکھوں کی سرخی، گیدوں اور دیگر تکالیف کیلئے
For Eyes Inflamation and Allergy

آنکھ پر خراش، انفیکشن یا ہاضمہ کی خرابی اور دیگر وجوہات کے باعث بعض اوقات جانوروں کی آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں، ان سے پانی بہتا ہے اور گید آتی ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر چشم'' تکلیف کی شدت کے مطابق چار آٹھ یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

اکسیر چوٹ

اندرونی و بیرونی چوٹوں اور تھکن و دکھن کیلئے
For Injuries and Fatigue

اندرونی و بیرونی ہر قسم کی چوٹوں، ہڈیوں کے ٹوٹنے اور زیادہ کام کرنے سے تھکن اور دکھن وغیرہ کیلئے بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔ تکلیف کی شدت کے مطابق ''اکسیر چوٹ'' پندرہ منٹ، ایک گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے نمبروار کھلائیں۔ ہڈی ٹوٹی ہو تو ہڈی کو درست جگہ پر بٹھا کر پٹی یا پلستر کر دیں اور اکسیر چوٹ ایک ایک ہفتہ کے وقفہ سے تین کورس (چار پیکٹس فی کورس) کھلا دیں۔ بیرونی زخموں پر ''کیور یٹو آئل'' لگائیں۔ نوٹ گھوڑوں میں ریس کی تھکاوٹ کیلئے بہترین دوا ہے۔

اکسیر درد کیپسولز

گنٹھیاوی اور جسمانی دردوں کیلئے
For Rheumatic Pains.

گنٹھیاوی دردوں میں جانور کے جوڑ سوج جاتے ہیں، اُن کا ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے اور درد ایک جوڑ سے دوسرے میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ اس کا باعث جوڑوں میں ''یورک ایسڈ'' کی زیادتی ہے اور اس کی وجہ بارش میں بھیگنا، ٹھنڈ لگنا، غذا کا زہر اور انفیکشن وغیرہ بھی ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر درد کیپسولز'' تکلیف کی شدت کے مطابق چھوٹے جانور کو ایک اور بڑے جانور کو دو کیپسولز فی خوراک ایک یا دو مرتبہ روزانہ دیں۔ آرام آنے تک جانور سے کام نہ لیں۔

اکسیر سرن کیپسولز

ٹانگوں کی تکلیف سرن کی دوا
For Stringhalt

یہ مرض مویشیوں کے علاوہ کبھی کبھی گھوڑوں میں بھی ہوتا ہے۔ جانور کو ٹانگ اٹھانے میں دقت ہوتی ہے اور پھر جھٹکے سے ٹانگ کو نیچے رکھتا ہے۔ پچھلی ایک یا دو ٹانگیں متاثر ہوتی ہیں۔ اس مرض کا تعلق حرام مغز اور شیاٹک عصب (Sciatic Nerve) سے ہے اس لئے بروقت علاج ضروری ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر سرن کیپسولز'' دو دو کیپسولز فی خوراک صبح و شام دیں آرام ہونے پر روزانہ دیں۔ جانور کو سردی اور گرمی سے بچائیں اور آرام (Rest) کرنے دیں۔

اکسیر فالج

فالج اور فالجی کیفیات کیلئے
For Paralysis or Palsy

فالج کا مرض دماغ اور اعصابی نظام میں خلل کے باعث پیدا ہوتا ہے۔ اس کی وجوہات میں انفیکشن، موسمی اثرات، کسی زہر کا اثر اور اعصاب پر چوٹ و دباؤ وغیرہ ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر فالج'' حسب ضرورت چار، بارہ یا چوبیس گھنٹے

کے وقفہ سے کھلائیں۔ عموماً آٹھ دس پیکٹس کافی ہیں۔ (نیز دیکھیں ''اکسیر ملک فیور، اکسیر پرسوت، اکسیر سرن'')

اکسیر کرم
پیٹ اور جگر کے کیڑوں کیلئے
A Remedy for Intestinal Worms & Liver Fluke.

گندا پانی پینے، مٹی چاٹنے اور متاثرہ چارہ کھانے سے مختلف کیڑوں کے انڈے اور لاروے جانور کے جسم میں جا کر پرورش پاتے ہیں۔ ان کیڑوں میں معدے اور آنتوں کے ورمز اور لیور فلوک (جگر کی جونکیں) وغیرہ شامل ہیں جو جانور کو کمزور کر کے اس کا دودھ اور کارکردگی کم کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات نچلے جبڑے کے نیچے غدود بھی سوج جاتے ہیں جسے لوگ غلطی سے گلہڑ کہتے ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر کرم'' صبح وشام صرف ایک دن پلا دیں خوراک کی دہرائی ایک ماہ کے بعد پھر کریں۔ تا کہ آئندہ بھی کیڑوں کی پیدائش رُک جائے۔ نوٹ: ''اکسیر کرم'' انگریزی دوائیوں کے برعکس جانور پر کوئی برا اثر (Stress) نہیں ڈالتی بلکہ یہ جسم کو ایسی تقویت دیتی ہے جس کے باعث قدرتی طور پر کیڑے جسم سے ختم ہو جاتے ہیں اور جسم کے معاون صحت بیکٹر یا وغیرہ نہیں مرتے۔

اکسیر کھانسی
کھانسی اور برانکائٹس وغیرہ کیلئے
For Cough and Bronchitis

سانس کی نالی کی سوزش اور نظام تنفس میں کسی جگہ خراش (Irritation) اور انفیکشن یا پھیپھڑوں کے پیراسائیٹس وغیرہ کے باعث جانوروں میں کھانسی کی علامت پیدا ہوتی ہے۔ خوراک یا کسی چیز کا سانس کی نالی میں چلے جانا، گردوغبار اور جراثیم وغیرہ کے باعث بھی ایسا ہوتا ہے۔ مرض کی شدت کے مطابق جانور کو ''اکسیر کھانسی'' چار، چھ یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

اکسیر گرمی
گرمی کے اثر اور لو لگنے کیلئے
For Heat Stroke and Heat Exhaustion etc.

گرم موسم، دھوپ، پانی کی کمی اور سخت محنت مشقت سے جانور کے جسم میں زیادہ حرارت پیدا ہوتی ہے اور جسم سے حرارت کے اخراج کا نظام سست پڑ جاتا ہے۔ جانور تیز تیز سانس لیتا ہے ہانپتا ہے اور خوراک کم کھاتا ہے جس سے جانور کی زندگی کو خطرہ بھی ہوسکتا ہے۔ مرض کی شدت کے مطابق ''اکسیر گرمی'' حسب ضرورت ایک گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔ جانور کو ٹھنڈی اور ہوادار جگہ میں باندھیں، نہلائیں، زیادہ پانی پلائیں اور جانور سے کام نہ لیں۔ (گرم موسم میں جانوروں کو بطور حفظ ماتقدم روزانہ ایک پیکٹ ''اکسیر گرمی'' دیں۔

اکسیر مزاج
بدمزاج ضدی اور غصیلے جانوروں کیلئے
For ill tempered animals

بعض جانور دودھ دوہتے وقت تنگ کرتے اور کودتے ہیں یا آسانی سے دودھ نہیں اتارتے۔ بعض بیل اور گھوڑے وغیرہ مارتے، اڑی کرتے ہیں۔ اسی طرح اگر کسی جانور کا بچہ مر جائے تو غم اور غصے کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ ایسے جانور کو ''اکسیر مزاج'' صبح وشام ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ جن جانوروں کو سدھایا [illegible] جا رہا ہو اُن کیلئے بھی یہ دوا مفید ہے۔

(''اکسیر پر سوت، اکسیر سرن'')
کے وقفہ سے کھلائیں۔عموماً آٹھ دس پیکٹس کافی ہیں۔(نیز دیکھیں ''اکسیر ملک فیور، اکسیر پر سوت، اکسیر سرن'')

پیٹ اور جگر کے کیڑوں کیلئے
A Remedy for Intestinal Worms & Liver Fluke.

اکسیر کرم

گندا پانی پینے، مٹی چاٹنے اور متاثرہ چارہ کھانے سے مختلف کیڑوں کے انڈے اور لاروے جانور کے جسم میں جا کر پرورش پاتے ہیں۔ان کیڑوں میں معدے اور آنتوں کے ورمز اور لیور فلوک (جگر کی جونکیں) وغیرہ شامل ہیں جو جانور کو کمزور کر کے اس کا دودھ اور کارکردگی کم کر دیتے ہیں۔بعض اوقات نچلے جبڑے کے نیچے غدود بھی سوج جاتے ہیں جسے لوگ غلطی سے گلہڑ کہتے ہیں۔ایسے جانور کو ''اکسیر کرم'' صبح وشام صرف ایک دن پلا دیں خوراک کی دہرائی ایک ماہ کے بعد پھر کریں۔تاکہ آئندہ بھی کیڑوں کی پیدائش رُک جائے۔نوٹ: ''اکسیر کرم'' انگریزی دوائیوں کے برعکس جانور پر کوئی برا اثر (Stress) نہیں ڈالتی بلکہ یہ جسم کو ایسی تقویت دیتی ہے جس کے باعث قدرتی طور پر کیڑے جسم سے ختم ہو جاتے ہیں اور جسم کے معاون صحت بیکٹر یا وغیرہ نہیں مرتے۔

کھانسی اور برانکائٹس وغیرہ کیلئے
For Cough and Bronchitis

اکسیر کھانسی

سانس کی نالی کی سوزش اور نظام تنفس میں کسی جگہ خراش (Irritation) اور انفیکشن یا پھیپھڑوں کے پیراسائیٹس وغیرہ کے باعث جانوروں میں کھانسی کی علامت پیدا ہوتی ہے۔خوراک یا کسی چیز کا سانس کی نالی میں چلے جانا، گردو غبار اور جراثیم وغیرہ کے باعث بھی ایسا ہوتا ہے۔مرض کی شدت کے مطابق جانور کو ''اکسیر کھانسی'' چار، چھ یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے حسب ضرورت کھلائیں۔عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔

گرمی کے اثر اور لو لگنے کیلئے
For Heat Stroke and Heat Exhaustion etc.

اکسیر گرمی

گرم موسم، دھوپ، پانی کی کمی اور سخت محنت مشقت سے جانور کے جسم میں زیادہ حرارت پیدا ہوتی ہے اور جسم سے حرارت کے اخراج کا نظام سست پڑ جاتا ہے۔جانور تیز تیز سانس لیتا ہے ہانپتا ہے اور خوراک کم کھاتا ہے جس سے جانور کی زندگی کو خطرہ بھی ہو سکتا ہے۔مرض کی شدت کے مطابق ''اکسیر گرمی'' حسب ضرورت ایک گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے کھلائیں۔جانور کو ٹھنڈی اور ہوادار جگہ میں باندھیں، نہلائیں، زیادہ پانی پلائیں اور جانور سے کام نہ لیں۔(گرم موسم میں جانوروں کو بطور حفظ ماتقدم روزانہ ایک پیکٹ ''اکسیر گرمی'' دیں۔

بدمزاج ضدی اور غصیلے جانوروں کیلئے
For ill tempered animals

اکسیر مزاج

بعض جانور دودھ دوھتے وقت تنگ کرتے اور کودتے ہیں یا آسانی سے دودھ نہیں اتارتے۔بعض بیل اور گھوڑے وغیرہ مارتے، اڑی کرتے ہیں۔اسی طرح اگر کسی جانور کا بچہ مر جائے تو غم اور غصے کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ایسے جانور کو ''اکسیر مزاج'' صبح وشام ایک پیکٹ کھلائیں۔عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔جن جانوروں کو سدھایا (ٹرینڈ کیا) جا رہا ہو اُن کیلئے بھی یہ دوا مفید ہے۔

اکسیر نمونیہ وزکام

ٹھنڈ (سردی) لگنے اور نمونیہ وغیرہ کیلئے
For Pneumonia and Colds etc.

سرد موسم، بھیگنے، ٹھنڈے پانی اور یخ بستہ چارہ وغیرہ سے زکام بخار اور نمونیہ وغیرہ ہو جاتا ہے۔ ایسے جانور کو حسب ضرورت ایک گھنٹہ، چار گھنٹے یا بارہ گھنٹے کے وقفہ سے ''اکسیر نمونیہ وزکام'' کھلائیں۔ عموماً چھ یا آٹھ پیکٹس کافی ہیں۔ جانور کو گرم جگہ باندھیں اور اچھی خوراک دیں۔ (نیز دیکھیں اکسیر ٹک کیپسولز)

(G) گھوڑوں کی امراض کے لئے ادویات

TREATMENT OF THE DISEASES OF HORSES

آب گیر

آب گیر یا چھاتی بند کیلئے
For Laminitis

یہ مرض گھوڑوں کا ہے لیکن کبھی کبھار مویشی اور بھیڑیں بھی اس کا شکار ہو جاتی ہیں۔ اس مرض کی وجہ پاؤں میں چوٹ اور انفیکشن کے علاوہ نظام ہضم کی انفیکشن ہے جو طاقتور غذا مثلاً سبز چنے، جئی اور دانے وغیرہ کھلانے اور جانور سے کام نہ لینے کے باعث ہوتی ہے جس سے پاؤں کی لیمینا جھلی میں اجتماع خون ہو کر سوزش اور انفیکشن ہو جاتی ہے۔ جانور درد محسوس کرتا اور لنگڑاتا ہے ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے اور کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے۔ ایسے جانور کو ''اکسیر آب گیر'' تکلیف کی شدت کے مطابق دن میں دو، چار مرتبہ ایک ایک پیکٹ دیں۔ اگر پاؤں پر کوئی ظاہری زخم ہو تو اسے صاف رکھیں اور ''کیوریٹو آئل'' لگائیں جانور کو نرم جگہ پر باندھیں اور آرام آنے تک کام نہ لیں۔

اکسیر کنار (تنفس)

کنار نظام تنفس کی انفیکشن
Respiratory Infections, Catarrh, Strangles, Bronchitis etc.

کنار گھوڑے، گدھے اور خچر کے علاوہ دوسرے جانوروں کو بھی سردی لگنے، بھیگنے، گرم حالت میں ٹھنڈا پانی پینے سرد ہونے اور چھوت کے ذریعہ انفیکشن سے ہو جاتا ہے جانور کھانستا ہے، ناک سے مواد بہتا ہے، کھانا کم کر دیتا ہے، ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے اور جبڑے کے نیچے غدود سوج جاتے ہیں ایسے جانور کو ''اکسیر کنار'' مرض کی شدت کے مطابق چار، بارہ یا چوبیس گھنٹے کے وقفے سے حسب ضرورت کھلائیں۔ عموماً چھ پیکٹس کافی ہیں جانور کو گرم، روشن اور ہوادار جگہ پر رکھیں اور سردی سے بچائیں۔ (نیز دیکھیں اکسیر نمونیہ وزکام، اکسیر ٹک کیپسولز)

اکسیر ھڈا

گھوڑوں وغیرہ میں ھڈا اور بیرھڈی وغیرہ کیلئے
For Exostosis i.e. Bony Enlargement

یہ مرض عموماً زیادہ کام کرنے والے گھوڑوں میں ہوتا ہے۔ پنڈلی یا گھٹنوں وغیرہ ھڈی کے اوپر زائد ھڈی بن جاتی ہے جو بدنما معلوم ہوتی ہے اور گھوڑا تکلیف محسوس کرتا ہے۔ مرض کا جتنی جلدی علاج کیا جائے اتنا ہی مؤثر ہے ''اکسیر ھڈا'' روزانہ ایک پیکٹ کھلائیں۔ عموماً آٹھ دس پیکٹس کافی ہیں۔

جانوروں کی بہتر صحت اور دیکھ بھال کیلئے ہدایات

TREATMENT FOR DISEASES OF UDDERS AND TEATS

Food

خوراک

ہر جانور کو اس کے کام اور صلاحیت کے مطابق متوازن خوراک دینی چاہیے۔ جانور کو خوراک کم دینے سے اس کی صحت گر جاتی ہے اور زیادہ کھلانے سے وہ موٹا ہو جاتا ہے اس لئے بیکار ہو جاتا ہے اور چارہ ضائع ہو جاتا ہے اس لئے جانور کا راشن مقدار میں اور غذائیت کے لحاظ سے مناسب نسبت کا ہونا چاہیے جس سے جانور کا وزن قد اور دودھ بڑھے گا۔ جانور میں طاقت بڑھے گی اچھا کام دے گا بیماریوں کا مقابلہ کرے گا اور سردی، گرمی برداشت کرے گا۔

راشن میں جو اناج دیئے جانے چاہئیں وہ بالکل صاف ستھرے تندرست اور غذائیت سے بھرپور ہونے چاہیں۔ پرانے، کیڑا لگے یا اُلی (Fungs) لگے نہیں ہونے چاہیں چارہ تازہ مگر شبنم سے پاک ہونا چاہیے۔ باسی یا گلا سڑا چارہ جانور کی صحت کیلئے نقصان دہ ہے۔ جانور کی خوراک اور چارے میں یکدم تبدیلی نہیں کرنی چاہیے اس سے دودھ کی پیداوار میں فرق پڑ جاتا ہے۔

کھلی، بنولے۔ سرسوں۔ تل۔ تارامیرا۔ توریا کی کھلی دودھار گائے بھینس کو کھلانے کے کام آتی ہے۔ ان سے قبض رفع ہو جاتی ہے کیونکہ ان میں کچھ نہ کچھ تیل کی مقدار باقی ہوتی ہے۔ اور جسم میں ہیٹ اور انرجی پیدا ہوتی ہے تارامیرا کی کھلی اضلاع جہلم، کیمبلپور، میانوالی، میں دیتے ہیں اس سے خارش کا کم خطرہ ہوتا ہے مینج مائٹ ہلاک ہو جاتے ہیں۔

بنولا:۔ مکھن کی پیدائش بڑھانے کیلئے بنولا دیا جاتا ہے۔ بنولا گرم پانی میں چار گھنٹے بھگو کر دینے چاہیں کیونکہ ان کا چھلکا سخت ہوتا ہے گائے بھینس کو بچہ دینے کے بعد چالیس دن تک بنولا نہیں دینے چاہیں کیونکہ ان سے دودھ گاڑھا ہو جاتا ہے اور دودھ کے بڑھنے میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ چالیس دن تک دودھ بڑھ چکتا ہے پھر بے شک دے دیں۔ یاد رہے کہ ایک آدھ چھٹانک نمک ہر جانور کو روزانہ ملنا چاہیے یا اتنی مقدار اُن کے راشن میں ڈالنی چاہیے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک نمک کا ڈلا اُن کی کھرلی میں رکھ دینا چاہیے یا تار میں پرو کر کسی شہتیر سے لٹکا دینا چاہیے تاکہ جانور حسب ضرورت چاٹتا رہے اور اُس کو مٹی کھانے کی عادت نہ پڑے اگر جانور نمک نہ چاٹے تو نمک کے ڈلے کو پانی سے گیلا کر کے اُس پر تھوڑا سا آٹا ڈال دینا چاہیے تاکہ آٹا کے لالچ سے نمک کے ڈلا کو چاٹے چند روز ایسا کرنے سے جانور نمک چاٹنے کا عادی ہو جائے گا۔

وٹامن :۔ وٹامن کی کمی سے جانوروں کی آنکھوں کی بینائی بھی جاتی رہتی ہے وٹامن سبز چارے میں بہت پائے
جاتے ہیں۔ گاجر، وغیرہ میں پائی جاتی ہیں۔ حاملہ گائے بھینسوں کو ان کا دینا ضروری ہے اگر حاملہ جانوروں کو سبز
چارہ نہ ملے تو ان کے بچے اندھے پیدا ہوتے ہیں اس کا تجربہ کوئٹہ کے ایک فارم میں ہوا ہے۔

گاجر :۔ گھوڑے کو ایک کلو گاجر روزانہ ملنی چاہیے خاص کر بارس سٹیلین کو۔ اس سے ان کے جگر کو تقویت پہنچتی
ہے اور وہ گھوڑوں کی ملائی کیلئے تیار ہو جاتے ہیں گاجر لمبائی کے رُخ کاٹ کر دینی چاہیے گول گول پیسوں کی شکل
میں نہ کاٹیں۔ چوکنگ (گلے میں رُکنے) کا خطرہ ہے۔ گھوڑا گاجر کو خوب چباتا ہے گھوڑے کا گاجر چبانا ضرب المثل
ہے گرمی کے موسم میں ایک دو مٹھی ستو ایک بالٹی پانی میں ڈال کر گھوڑے کو دیئے جائیں۔ گھوڑا پیئے گا اُس کو ٹھنڈک
پہنچے گی اگر گرمی سے سرخ پیشاب آ رہا ہوگا تو صاف ہو جائے گا چوکر اچھا صاف ستھرا مٹی کے بغیر ہو یہ قبض کشا ہے
اس میں معدنی اجزاء بھی ہیں گھوڑے، مویشی دونوں کے لئے مفید ہے سردی کے موسم میں گھوڑوں کو ایک پاؤنڈ السی
کوفتہ گرم پانی میں بھگو کر دو چھٹانک شکر ڈال کر دی جائے ایک مہینہ تک دیں اس سے گھوڑے فربہ، توانا ہو جاتے
ہیں ان کے بال چمکدار ہو جاتے ہیں ان میں لسٹر (Luster) پیدا ہوتی ہے۔ گھوڑے کو گندم کا دانہ نہیں دینا چاہیے
اس کا جگر پر خراب اثر ہوتا ہے۔

پانی
Water

پانی جسم کا ایک اہم جزو ہے۔ دوران خون میں مدد دیتا ہے اوسطاً ایک بڑے جانور کو ایک وقت آٹھ دس گیلن پانی
درکار ہوتا ہے۔ پانی صاف ستھرا ہونا چاہیے گندا پانی جانور میں بدہضمی، صحت کی خرابی، پیٹ میں کیڑے پیدا کرنے کا
باعث ہوتا ہے۔ جیسا صاف پانی انسان پیتا ہے ویسا ہی جانور کو دینا چاہیے۔

رہائش
Residence

جانوروں کی رہائش کی جگہ کھلی ہونی چاہیے جہاں تازہ، ہوا مناسب دھوپ کا انتظام ہو۔ موسم کے لحاظ سے گرمی
سردی اور بارش سے بچاؤ کا انتظام ہو صفائی کرنے کیلئے مناسب طریقہ کار اور آدمی مہیا ہو۔ جانوروں کے بیٹھنے کی
جگہ کیچڑ اور گوبر سے پاک ہونی ضروری ہے تاکہ گندگی لگنے سے جانوروں کے تھنوں کو جراثیم اور بیکٹریا سے انفیکشن
نہ ہو جائے۔ پانی اور چارہ کے برتن میں جانور پاؤں نہ ڈال سکیں۔ مویشی فارم کے اندر عام لوگوں کا آنا جانا نہ ہو۔

حفاظتی تدابیر
Preventive

بیمار جانور کا فوری علاج کروانا ضروری ہے۔ وباء کے دنوں میں حفاظتی ادویات جن کا رسالہ ہذا میں ذکر ہے۔
استعمال کروانے سے بفضلہٖ تعالیٰ جانور محفوظ رہیں گے۔

مثلاً 1۔ منہ کھر کی وباء میں بچاؤ کیلئے ''منہ کھر روک'' استعمال کروائیں۔

2۔ گل گھوٹو کی وباء میں بچاؤ کیلئے ''گل گھوٹو روک'' استعمال کروائیں۔

3۔ واہ کی وباء میں، بچاؤ کیلئے "واہ روک" استعمال کروائیں۔

علاوہ ازیں بیماریوں کیلئے ضروری ادویات کا فارم میں موجود ہونا ضروری ہے تاکہ کسی بیماری کی صورت میں فوری علاج معالجہ ہو سکے۔

افزائش حیوانات

Veterinary Growth

حیوانات کی افزائش و بہوتری مالک کیلئے منافع کا باعث ہوتا ہے۔قدرتی طور پر مادہ جانوروں میں ہیٹ آنے کے بعد کے پیریڈ کو ضائع نہیں کرنا چاہیے اور حاملہ کروالینا چاہیے۔ جس سے مالک کو وقت پر پھل حاصل ہوتا ہے اور دودھ بھی رواں ہو جاتا ہے۔ مختلف جانور اکھٹے رکھنے سے اُن کی آپس کی ضرورت بھی پوری ہو جاتی ہے نیز چارہ میں بھی بچت ہو جاتی ہے۔ افزائش نسل میں کمی کی وجوہات میں مادہ کا جلد ہیٹ میں نہ آنا جیر کی رکاوٹ کی وجہ سے رحم کی خرابی، رحم کا باہر نکالنا، نفاس کا پورے طور پر خارج نہ ہونا ایسی امراض ہیں جن کا علاج وقت پر کروالیا جائے تو مادہ جانور آئندہ حاملہ ہونے کیلئے وقت پر ہیٹ میں آجائے گی۔ ورنہ جانور کا ہیٹ پریڈ گزر جائے گا اور مالک کو پھل حاصل نہیں ہوگا۔

مادہ جانور کے گرم ہونے یا ہیٹ میں آنے کی علامات

مادہ جانور بے چین ہوتی ہے بار بار پیشاب کرتی ہے پیشاب کے بعد لیسدار مادے کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ دوسرے جانوروں کے اوپر ناپتی ہے چارہ کھانا چھوڑ دیتی ہے۔ دودھل جانور دودھ کم کر دیتے ہیں۔ مادہ جانور کا ہیٹ میں رہنے کا وقت اور اگر حاملہ نہ ہو سکے تو دوبارہ ہیٹ میں آنے کا وقت درج ذیل ہے۔

نام جانور	مدت ہیٹ	دوبارہ ہیٹ کا وقت	اوسط دن
گھوڑی	4 تا 9 دن	13 تا 25 دن	21 دن
گائے	10 تا 24 گھنٹے	18 تا 24 دن	21دن
بھینس	12 تا 20 گھنٹے	18 تا 24 دن	21دن
بھیڑ بکری	12 تا 24 گھنٹے	12 تا 19 دن	17دن

حمل کا زمانہ

گائے	9ماہ
گھوڑی	11ماہ
اونٹنی	12ماہ

بھینس	10ماہ
گدھی	11ماہ
بھیڑ بکری	5ماہ